**الجواب** :۔ دونوں قسم کے دھانوں میں سے ہر ایک اگر نصاب (پانچ وسق یعنی ۲۱ من انگریزی سیر سے کچھ اوپر) کے برابر پیدا ہو تو دونوں کو ملانے کی ضرورت نہیں ہے ہر ایک کا عشر اس کے تیار ہو کر کاٹے جانے کے وقت ادا کر دیا جائے اور اگر ہر ایک بقدر نصاب نہیں پیدا ہوا ہے لیکن دونوں کو ملانے سے نصاب پورا ہو جاتا ہے تو دونوں کو ملا کر نصاب پورا کیا جائے۔ الحاصل جس شخص کے یہاں دھان کے پیداوار کی یہ صورت ہو جو سوال میں درج ہے اس پر عشر واجب ہے۔ و یضم زرع العام الواحد بعضہ الی بعض فی تکمیل النصاب سواء اتفق وقت زرعہ وادراکہ او اختلف ولو کان منہ صیفی وربیعی ضم الصیفی الی الربیعی ولو حصدت الذرة والدخن ثم نبتت اصولہما یضم احدہما الی الآخر فی تکمیل النصاب لان الجمیع زرع عام واحد فضم بعضہ الی بعض کما لو تقارب زرعہ وادراکہ۔

وتضم ثمرة العام الواحد بعضہا الی بعض سواء اتفق وقت اطلاعہا وادراکہا او اختلف فیقدم بعضہا علی بعض فی ذلک ولو ان الثمرة جدت ثم اطلعت الاخری وجدت ضمت احدہما الی الاخری الخ (المغنی علی مختصر الخرقی ص ٥٩٥ ج ٢)

مسئلۃ۔ "وتضم ثمرة العام الواحد بعضہا الی بعض فی تکمیل النصاب" تضم ثمرة العام الواحد بعضہا الی بعض سواء اتفق وقت اطلاعہا وادراکہا او اختلف فلو ان الثمرة جدت ثم اطلعت اخری وجدت ضم احدہما الی الاخری وکذلک زرع العام الواحد یضم بعضہ الی بعض فی تکمیل النصاب کما قلنا فی الثمرة سواء اتفق زرعہ وادراکہ او اختلف ویضم الصیفی الی الربیعی ولو حصدت الدخن والذرة ثم نبتت اصولہا ضم احدہما الی الآخر لان الجمیع زرع عام واحد فضم بعضہ الی بعض کما لو تقارب زرعہ وادراکہ (الشرح الکبیر علی متن المقنع کلاہما علی مذہب امام الائمۃ ابی عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل الشیبانی رح)

**سوال** :۔ عیدین کی تکبیریں ہاتھ چھوڑ کر جس طرح شیعہ نماز پڑھتے ہیں کہنی چاہئیں۔ یا ہاتھ باندھ کر مع رفع یدین کے ادا کرنی چاہئیں۔ سائل مولوی محمد امام جامع مسجد اہلحدیث کوٹ صدر خان ضلع فیروزپور

**جواب**۔ عیدین کی تکبیریں ہاتھ باندھے ہوئے کہنی چاہئیں۔ ان تکبیرات کے وقت ہاتھ نہیں چھوڑنا چاہئے تکبیر تحریمہ کے بعد نماز میں اصل ہاتھ باندھنا ہے۔ جیسا کہ پنجگانہ فرائض اور تمام نوافل میں احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ صلوۃ عیدین بھی شرعی نماز ہے۔ اس لئے اس میں بھی اسی اصل پر عمل ہوگا تاوقتیکہ اس اصل کا خلاف کسی معتبر حدیث سے ثابت نہ ہو جائے۔ اور کسی حدیث سے عام نمازوں کے خلاف عیدین میں تکبیر تحریمہ کے بعد تکبیرات زوائد کے وقت ہاتھ چھوڑنا ثابت نہیں۔ اس لئے اسی اصل پر عمل ہونا چاہئے۔

تکبیرات زوائد جن کی تعداد تکبیر تحریمہ کے علاوہ بارہ ۱۲ ہے کے وقت رفع یدین کسی مرفوع حدیث سے صراحۃً

باقی مضمون صفحہ ۱۹ پر ملاحظہ فرمائیے۔